27 اکتوبر 2017ء

اسٹیٹ بینک اور فلپائن کے مرکزی بینک میں دوطرفہ تعاون کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

بینک دولت پاکستان کے گورنر طارق باجوہ اور پاکستان میں فلپائن کے سفیر Daniel R. Espiritu نے دونوں ملکوں کے مرکزی بینکوں کے درمیان دوطرفہ تعاون کے لیے مفاہمت کی ایک یادداشت پر آج دستخط کیے۔ دستخط کی تقریب کراچی میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی عمارت میں ہوئی۔ سفیر محترم نے فلپائن کے مرکزی بینک Bangko Sentral NG Pilipinas کی نمائندگی کرتے ہوئے اس یادداشت پر دستخط کیے جس کا مقصد بینکاری نظام، ادائیگی اور تصفیے اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں دونوں اداروں کے درمیان تعاون بڑھانا ہے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان مختلف ملکوں کے بینکاری کے ضابطہ ساز اداروں کے ساتھ بین الاقوامی تعاون کے معاہدے کرتا رہا ہے اور یہ اس سلسلے میں مفاہمت کی 19 ویں، اور گذشتہ 16 ماہ کے دوران چوتھی یادداشت ہے جس پر دستخط کیے گئے ہیں۔

****